© rasailojaraid.com



اِسلام کے نام پر عیاشی ہو گی　　اسلام کے نام پر بدمعاشی ہوگی
اِسلام ہی یہاں رُسوا ہو گا
پاکستان میں کیا کیا ہو گا

(حاجی برکت علی احرار ناظم جامعہ عثمانیہ رسول پارک لاہور)

## مکتوب پیرس

مخدوم و محترم زاد مجدکم، سلام مسنون و رحمۃ اللہ و برکاتہٗ

آج الحق ۲/۱ بابت محرم ۱۴۱۳ھ پہنچا، میرے دل میں اس رسالے کی بڑی عزت ہے۔ گستاخی معاف ہو، اس میں ایک غلطی نظر آئی، اطلاعاً عرض کرتا ہوں۔ ویسے آپ کو کامل آزادی ہے، مجھے ہمہ دانی ذرا بھی نہیں۔

اس میں صفحہ ۲۵ و مابعد پر ثمرقند و بخارا کا ایک تازہ سفرنامہ چھپا ہے۔ میں نے ثمرقند کبھی نہ پڑھا ہے اور نہ سُنا ہے۔ یہ سمرقند ہے۔ "سمر" ایک آدمی کا نام بتایا جاتا ہے اور "قند" کے معنی ہیں "شہر"۔ مضمون کے اندر بھی اس املاء کو کئی بار دہرایا گیا ہے، خود "نقش آغاز" میں بھی یونہی لکھا ہے۔ (صفحہ ۴ سطر ۴)

واللہ اعلم بالصواب ــــ ناچیز: محمد حمید اللہ پیرس

## کتابت کی تصحیح

ماہنامہ "الحق" کا تازہ ترین شمارہ نظر سے گذرا ہے جس کے صفحہ ۶۲ پر آیتِ قرآنی کی کتابت صحیح نہیں ہے۔ لیطفئوا کو لیطفئا لکھا گیا ہے۔ نوراللہ کو انور اللہ اور ولوکرہ الکافرون کو ولہ کرہ الکافرون لکھا گیا ہے۔

خط کشیدہ الفاظ کی کتابت قرآنی متن کے خلاف ہے، صحیح آیت یوں لکھی جانی چاہیئے تھی: یُرِیْدُوْنَ لِیُطْفِئُوْا نُوْرَ اللّٰہِ بِاَفْوَاھِھِمْ وَاللّٰہُ مُتِمُّ نُوْرِہٖ وَلَوْ کَرِہَ الْکٰفِرُوْنَ ٥

صحتِ کتابت کے لیے پارہ ۲۸ میں سورۃ الصف کی آیت ۸ ملاحظہ کی جائے۔

(ملک محمد سعید جنرل منیجر نوشہرہ شیٹ گلاس انڈسٹریز آدم زئی ضلع نوشہرہ)


## ضرورت اساتذہ برائے جیل خانہ جات

جمعیۃ تعلیم القرآن ٹرسٹ کو سنٹرل جیل پشاور، ڈسٹرکٹ جیل چترال اور بعض دوسرے جیل خانہ جات میں حفاظ، قاری، اساتذہ کی ضرورت ہے جو دینی تعلیم سے بھی بہرہ ور ہوں اور جیل کے اوقات کار میں قیدیوں کو تعلیم دے سکتے ہوں۔ مندرجہ ذیل پتہ پر اپنے پورے کوائف کے ساتھ درخواست روانہ کریں۔

نگران شعبہ جیل خانہ جات جمعیۃ تعلیم القرآن ٹرسٹ ریلوے بلڈنگ نمبر ۱، علامہ اقبال روڈ۔ لاہور




© rasailojaraid.com